نے اردو داں حضرات کیلئے اس قصیدہ کا سمجھنا آسان کر دیا ہے۔ اہل علم کے بھی فائدہ کی چیز ہے۔ کتابت و طباعت دیدہ زیب۔

سیدہ ام کلثوم | از ابو یزید محمد دین بٹ، ناشر جمعیۃ محبین صحابہ چوک شہید گنج لاہور صفحات ۸۸، قیمت ۷۵ پیسے، نبی کریم کی صاحبزادی سیدتنا ام کلثومؓ کے بارہ میں ایک تحقیقی کتاب۔ محنت اور کاوش قابل تحسین کتاب کے آخر میں مودودی صاحب کے نام کھلا خط بھی ہے جنہوں نے اپنی کتاب خلافت و ملوکیت میں شیعوں کا سا کردار ادا کر کے موجودہ دور کے بہت سے اصحاب علم و تحقیق کی قیمتی صلاحیتوں کو مشاجرات صحابہ جیسے نازک اور غیر ضروری موضوع میں الجھا دیا ہے جس سے کف لسان و قلم تبصرہ نگار کا دل تبصرہ و تنقید کی حد تک بھی اس موضوع میں پڑھنے سے ڈوبنے لگتا ہے مگر دفاع شان صحابہؓ کی کوششیں بہر حال محمود اور ماجور ہیں۔

مختصر سیرت نبویہ | از علامہ عبدالشکور لکھنویؒ ناشر مکتبۂ اصلاح و تبلیغ ہیرا آباد جامع مسجد روڈ حیدر آباد سندھ۔ صفحات ۶۴۔ قیمت ۷۵/۱۔ ایک ممتاز اور مسلم علمی و دینی شخصیت مولانا لکھنویؒ کے قلم سے مختصر سیرت طیبہ۔ اختصار کے باوجود نہایت مفید اور کار آمد کتاب جو کئی مرتبہ چھپ کر نایاب ہو چکی ہے۔

اسلامی نظام حکومت کے ضروری اجزاء | از مولانا محمد اسماعیل صاحب سلفیؒ گوجرانوالہ۔ ناشر مکتبۃ الاعتصام شیش محل روڈ لاہور صفحات ۳۲۔ قیمت ۲۵ پیسے۔ موضوع پر ایک پر مغز علمی مقالہ۔

مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق | از جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب مدیر میثاق لاہور۔ ناشر دار الاشاعۃ الاسلامیہ لاہور ۱ صفحات ۱۰، قیمت ایک روپیہ۔ ڈاکٹر صاحب صاحب فکر و نظر اصحاب علم میں سے ہیں بقول ڈاکٹر صاحب ہر مسلمان پر حسب صلاحیت قرآن مجید کے حسب ذیل حقوق عائد ہوتے ہیں۔ ۱۔ ایمان و تعلیم ۲۔ تلاوت و ترتیل، تذکر و تدبر، حکم و اقامت، تبلیغ و تبیین۔ کتاب میں ان حقوق کی تشریح ہے۔ واقعہ یہی ہے کہ موجودہ عالم اسلام کی مشکلات کی بنیادی وجہ ان حقوق سے غفلت اور اعراض ہی ہے۔

قرآن اور امن عالم | ڈاکٹر صاحب موصوف کا رسالہ ہے۔ اور اس موضوع پر تین پہلوؤں سے گفتگو کی گئی ہے۔ ۱۔ انفرادی امن۔ ۲۔ سیاسی و معاشرتی امن و سلامتی، ۳۔ امن عالم۔ قیمت ۵۰ پیسے ملنے کا پتہ سابقہ۔ شر و فساد سے بھری ہوئی دنیا کیلئے یہ رسالہ امن قرآنی کا مؤثر پیغام ہے۔